تبصرہ کتب

(ادارہ)



کتاب ۔ یہودیت اور مسیحیت ـــــ مؤلف ۔ ڈاکٹر احسان الحق رانا۔ ایم ایس سی ۔(آنرز) پی ایچ ڈی (پنجاب) ایم ایس (کولمبیا)

صفحات ۔ بڑا سائز ـــــ ۱۸ × ۲۲ ـــــ ۴۰۰ صفحات ـــــ قیمت چالیس روپے

ناشر ۔ مسلم اکادمی ۱۸/۲۹ محمد نگر ۔ لاہور ۔ ۵

چار صد صفحات کی اس ضخیم کتاب میں یہودیت اور مسیحیت پر ہر پہلو اور ہر گوشہ سے بحث کی گئی ہے ۔ کمال یہ ہے کہ مصنف نے چند تمہیدی کلمات اور تجزیہ کے چند فقروں کے سوا اپنی طرف سے کچھ نہیں لکھا ۔ اس کتاب میں بائبل مقدس اور مستند مسیحی کتب سے پانچ صد سے زیادہ اقتباسات پورے حوالوں کے ساتھ موجود ہیں ۔ اس اعتبار سے یہ کتاب یہودیت اور مسیحیت پر ، ان کے عقائد اور تاریخ پر ایک دائرۃ المعارف کی حیثیت رکھتی ہے ۔

کتاب کی جامعیت کا اندازہ اس کے ابواب کی اس مختصر فہرست سے بخوبی ہو جاتا ہے ۔ بائبل کی کتابیں ۔ ترتیب و تدوین ۔ آسمانی کتب ۔ عہد عتیق کی کتب کا جائزہ ۔ تاریخ بنی اسرائیل ۔ بائبل میں مذکورہ نسب نامے اور ان کا سائنٹیفک تجزیہ ۔ اسرائیل کی حکومت ۔ یہوداہ کے تاریخ کے مختلف ادوار ۔ حضرت مسیح کا حسب و نسب ۔ مصلوبیت مسیح ۔ عقیدہ ابن اللہ ۔ تثلیث اور کفارہ ، خصوصاً بائبل کے تضادات اور تحریفات ـــــ متعدد گوشوارے اور خاکے ان کے علاوہ ہیں ۔

مؤلف نے اس کتاب کا مسودہ ، اہل کتاب کے مذاہب کی حقیقت کے عنوان سے مرتب کیا ۔ جسے حکومت پنجاب نے طباعت سے قبل ہی ضبط کر لیا ۔ ضبط شدہ مسودہ کی بازیابی کے بعد اسے کتابی صورت میں چھاپا گیا ہے ۔ کتاب خالص علمی اور تحقیقی انداز سے لکھی گئی ہے ۔ خاص طور سے مذاہب عالم اور تقابل ادیان سے دلچسپی رکھنے والے اصحاب کے لئے یہ کتاب گراں قدر سرمایہ ہے اردو بازار لاہور میں یہ کتب اسلامی اکیڈیمی سے بھی مل سکتی ہے ۔

(ح ۔ ن ۔ ا)

ہمارے فرائض اور ہمارے حقوق .... مؤلف حافظ نذر احمد

ناشر ۔ مسلم اکادمی ۱۸/۲۹ محمد نگر لاہور ۔ اسلامی اکادمی ۔ اردو بازار ۔ لاہور

صفحات ۳۳۶ ۔ جلد خوبصورت ڈائی والی ۔ قیمت ۳۲ روپے

معاشرتی زندگی باہمی حقوق و فرائض کی بجا آوری کا نام ہے ۔ حقوق و فرائض کے درمیان جس قدر توازن